ترجمان وهابیه

مصنفه

نواب صدیق حسن خان صاحب بهادر
شوهر نواب شاهجهان بیگم صاحبه بهادره
والی بهوپال

طبع فی مطبع مفید عام آگره
سنه ۱۳۰۰ھ

کی جہت سے اور یہہ امر بھی بخوبی ظاہر ہے اور تاریخ دانون پر خوب روشن ہے کہ کوئی
شخص آجتک نجد سے عالم فاضل کی صورت مین ہوکر ہند مین داخل نہین ہوا کہ لوگ اوسکے
شاگرد ہوئے ہون اور اوسکی دعوت تمام ہند کے شہرون مین اور قریون مین پھیل گئی
ہو یا اوس نے یہان کسی طرح کی حکومت اور سلطنت حاصل کی ہو کہ لوگ اوسکے طریقہ اور
چال پر ہوجاوین اور اوسی کا گیت گاوین نہ کوئی سلسلہ شاگردی اور پیری مریدی کا
اہل ہند اور اہل نجد مین باہمی ایسا جاری ہے جسکی روسے انکو اہل نجد کے طریقہ اور
روئیہ پر کہہ سکین نہ کوئی تعلق یہان کے لوگون کو بذریعہ اخبار یا تار یا ریل کے اون
لوگون سے حاصل ہے جیسا فی الحال انگلستان یا جرمن یا فرانس سے حاصل ہے کہ جسکے ذریعہ
سے انکو اہل نجد کا ہم طریقہ کہین غرض ہند کے لوگونکو وہابیہ نجدیہ سے نسبت دینا کمال
نادانی اور نہایت بے وقوفی اور صریح غلطی ہے اور جبکہ وہ خود اس نام سے انکار کرتے ہین
تو زبردستی اونکو نزدیک حاکمون کے بدنام کرکے اپنی دشمنی اس پردہ مین نکالنا سراسر ناانصافی ہے
بلکہ فی الحال سُنا جاتا ہے کہ عرب نجد تجارت کے لئے بندر بمبئی تک آتے جاتے ہین اور اپنا پیشہ
کرتے ہین اور حکام کو باوجود علم اونسے کچھہ تعرض نہین اسلیے کہ سرکار عالیہ برٹش کو بحث مفسدان
و باغیان سے ہے نہ زید و عمرو سے حدیث عبد اللہ بن عمرو مین مرفوعاً آیا ہے کہ متفرق ہوئے بنی
اسرائیل یعنی یہود بہتر فرقون پر اور متفرق ہوگی امت میری تہتر فرقون پر سب فرقے آگ
مین ڈالے جاوینگے مگر ایک طریقہ کے لوگ صحابہ نے پوچھا وہ کون طریقہ کے لوگ ہین فرمایا
وہ طریقہ جسپر مین ہون اور میرے ساتھی رواہ الترمذی اور ایک روایت مین یون ہے
کہ بہتر فرقے تو اس امت کے دوزخ مین جاوینگے اور ایک بہشت مین داخل ہوگا اور اس
فرقہ کا نام جماعت ہے اور نزدیک ہے کہ نکلینگی میری امت مین چند قومین گھس جاوینگی
اونمین بدعتین جسطرح گھس جاتی ہے بیماری کُتّا کاٹے ہوئے کو نہ بچیگی اوس سے کوئی رگ
اور نہ کوئی جوڑ مگر یہہ بیماری اوسمین گھس جاویگی رواہ احمد وابوداؤد عن معاویۃ

اس حدیث سے معلوم ہوا کہ جو لوگ قرآن وحدیث پر عامل ہین اونکا نام اہل سنت وجماعت ہے نہ وہابی اور ہندوستان کے اکثر مسلمان مذہب سُنّی رکھتے ہین نہ مذہب حنبلی اور علماء اسلام نے جہان تعداد بہتر فرقون اس امت اسلام کی لکھی ہے اور نام بنام اونکو گنایا ہے اونمین کہین کسی جگہہ کسی فرقہ کا نام وہابیہ نہین بتلایا اور یہہ بھی اس حدیث سے معلوم ہوا کہ جو دین قدیم اسلام مین کوئی نئی راہ وطریقہ یا جدید مذہب وفساد کی بات نکالے اوسکا نام بدعتی اور ہوائی ہے اور وہ دوزخیون مین ہے پہر کسطرح کوئی سچّا مسلمان کسی کے نئے طریقے نکالے ہوئے پر چل سکتا ہے اور وہ کب کسی لقب جدید کو اپنے لئے پسند کرے گا لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ

فصل دوم

ترجمہ عبارت کتاب موائد العوائد من عیون الاخبار والفوائد اسمین احادیث ضروری اور فوائد عمدہ مذکور ہین یہہ حاصل مضمون اوسکے صفحہ ۳۳ کا ہے بےکم وکاست روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ جو ایمان لاوے اللہ پر اور اوسکے رسول پر اور قائم رکہی نماز اور ادا کرتا رہے روزے رمضان کے تو اللہ پر فضل واحسان کی راہ سے اوسکا یہہ حق ہے کہ داخل کرے اوسے جنت مین خواہ وہ جہاد کرے اللہ کی راہ مین خواہ بیٹھا رہے اوسی ملک مین جہان پیدا ہوا آخر حدیث تک سو جب تم اللہ سے مانگو تو جنت الفردوس مانگو کہ وہ سب جنتون کے بیچون بیچ ہے اور سب سے اونچی ہے اور اوسپر عرش ہے رحمٰن کا اور اوسی سے بہتی ہین نہرین جنت کی روایت کی یہہ بخاری نے اس حدیث سے بخوبی ثابت ہوا کہ جہاد مخالفون کے ساتھ فرض کفایہ ہے یعنی ایک ملک کے لوگ اگر اوسکو بجا لاوین تو دوسرے ملک کے لوگون پر فرض نہین اور ہر فرد بشر پر مسلمانون سے فرض نہین کہ جو اوسکو نہ بجا لاوے اوسکے